روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
منگل 26 جنوری 2016ء 15 ربیع الثانی 1437 ہجری 26 صلح 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 22

دل جیت لئے اس نے محبت کی نظر سے

فتح مکہ کے دن ابوجہل کا بیٹا عکرمہ یمن بھاگ گیا۔ عکرمہ کی بیوی ام حکیم نے اسلام قبول کرلیا اور اپنے خاوند کو یمن سے جا کر لے آئی کہ رسول اللہؐ نے تمہیں امان دے دی ہے۔ جب وہ رسول اللہؐ کے سامنے پیش ہوا تو رسول اللہؐ نے بڑی خوشی سے اس کا استقبال کیا اور اس نے اسلام قبول کرلیا۔

(مؤطا امام مالک ۔ کتاب النکاح باب نکاح المشرک حدیث نمبر 998 و اسد الغابہ)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عفو و درگزر کے شاندار نمونے اسوۂ حسنہ کے طور پر قائم فرمائے ہیں۔

کسی بھی مجرم اور گنہگار کو سزا دینے کا بنیادی مقصد اس کی اصلاح اور اخلاقی بہتری ہے

امور عامہ اور قضاء کو بڑی گہرائی میں جا کر سفارش اور فیصلے کرنے چاہئیں تا کہ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والا نظام پیدا کرسکیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 22 جنوری 2016ء بمقام بیت الفتوح لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 22 جنوری 2016ء کو بیت الفتوح لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جو حسب معمول ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ براہ راست نشر کیا گیا۔ حضور انور نے خطبہ کے شروع میں سورۃ الشوریٰ آیت 41 کی تلاوت کی جس کا ترجمہ اس طرح ہے کہ بدی کا بدلہ کی جانے والی بدی کے برابر ہوتا ہے۔ پس جو کوئی معاف کرے بشرطیکہ وہ اصلاح کرنے والا ہو تو اس کا اجر اللہ پر ہے۔ یقیناً وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ حضور انور نے فرمایا کہ دین حق کی تعلیم میں کسی غلط حرکت کرنے والے یا نقصان پہنچانے والے سے ایسا سلوک کرنے کی تعلیم ہے جو اس کی اصلاح کا پہلو لئے ہوئے ہو۔ دین میں سزا کا تصور ضرور ہے لیکن ساتھ معافی اور درگزر کا بھی حکم ہے۔ اس آیت میں بھی یہی حکم ہے کہ بدی اور برائی کرنے والے کو سزا دو لیکن اس سزا کے پیچھے بھی یہ محرک ہونا چاہئے کہ اس سزا سے جرم کرنے والے کی اصلاح ہو اور اگر مجرم کی حالت سے تم یہ دیکھو کہ اس مجرم کی اصلاح معاف کرنے سے ہوسکتی ہے تو معاف کر دو اور یہ معاف کرنا بھی تمہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہترین اجر کا وارث بنائے گا۔ اور آخر پر اس آیت میں فرمایا کہ اگر سزا میں حد سے بڑھنے کی کوشش کرو گے تو ظالموں میں شمار ہو گے۔ بہرحال یہ بنیادی اصول سزا اور اصلاح کرنے کا ہے جو قرآن کریم میں بیان ہوا ہے۔ پس کسی بھی مجرم کو سزا دینے کا بنیادی مقصد اصلاح اور اخلاقی بہتری ہے اس لئے صرف سزا پر ہی زور نہ دو بلکہ اصلاح پر زور دو۔ اور اگر مجرم کو سزا دینی ضروری ہے تو سزا جرم کی مناسبت سے ہو ورنہ اگر جرم سے زیادہ سزا ہے تو یہ ظلم اور زیادتی ہے جس کو کہ خدا تعالیٰ پسند نہیں کرتا۔

حضور انور نے فرمایا کہ دین حق میں پہلے مذہبوں کی طرح افراط اور تفریط نہیں ہے۔ اس کے اعلیٰ ترین نمونے ہمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں نظر آتے ہیں۔ جب آپؐ نے دیکھا کہ مجرم کی اصلاح ہوگئی تو اپنے انتہائی ظالم دشمن کو بھی معاف فرما دیا۔ حضور انور نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے بعض واقعات بیان فرمائے۔ فرمایا لیکن جہاں اصلاح کے لئے سزا کی ضرورت تھی وہاں آپؐ نے سزا بھی دی تو اصل مقصد یہ ہے کہ تم نے اصلاح کرنی ہے، نہ کہ انتقام لینا ہے۔ حضرت مسیح موعود نے سزا اور معافی کا فلسفہ اور روح بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ بدی کی جزاء اسی قدر ہے جس قدر بدی کی گئی ہو۔ لیکن جو شخص گناہ بخش دے اور ایسے موقع پر بخشے کہ اس سے کوئی اصلاح ہوتی ہو، کوئی شر پیدا نہ ہوتا ہو، یعنی عین عفو کے محل پر ہو نہ غیر محل پر تو اس کا وہ بدلہ پائے گا۔ یعنی بخشنے والا اللہ کے ہاں اجر پائے گا۔ فرماتے ہیں کہ قرآنی تعلیم یہ نہیں ہے کہ ہر جگہ شر کا مقابلہ نہ کیا جائے، بعض جگہ شر کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔ دیکھنا چاہئے کہ وہ محل اور موقع سزا دینے کا ہے یا گناہ بخشنے کا۔ پس جو مجرم اور معاشرہ کے لئے فی الواقعہ بہتر ہو وہی صورت اختیار کی جائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ سزا کے فیصلے کے وقت یہ دیکھنا بھی ضروری ہے کہ اس کا معاشرے پر مجموعی طور پر کیا اثر پڑ رہا ہے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ سزا دینے اور معاف کرنے میں یہ بات مدنظر ہونی چاہئے کہ سزا یا معافی سے معاشرہ کیا اثر لیتا ہے۔ اگر معافیاں مجرموں کو دلیر کر رہی ہیں تو پھر سزا دینے کی ضرورت ہے۔ فرمایا کہ دین حق یہ کہتا ہے کہ جب تم ایک دفعہ معاف کر دو تو پھر کینوں اور بغضوں کو بھی دل سے نکال دو۔ حضور انور نے اس بارہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوہ حسنہ پیش فرمایا۔ حضور انور نے فرمایا کہ جماعتی عہدیداروں اور نظام کو بھی اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ بعض کے خلاف جو فیصلے ہوتے ہیں یا سفارش مجھے آتی ہے۔ میں یہ تو نہیں کہتا کہ انتقام کی وجہ سے ہوتی ہے لیکن یہ ضرور بعض دفعہ ہوتا ہے کہ سفارش کرنے والے کا طبعاً رجحان سختی کی طرف ہوتا ہے اور بعض دفعہ ضرورت سے زیادہ نرمی اور معافی کا رجحان رکھتے ہیں جس سے پھر خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔ پس نہ سزا دینا پسندیدہ ہے نہ معاف کرنا قابل تعریف ہے۔ اصل چیز اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ہے اور یہ اس وقت حاصل ہوتی ہے جب اصلاح مقصد ہو اور اس کے لئے متعلقہ محکموں کو چاہئے کہ کوشش کریں، چاہے وہ امور عامہ ہو یا دارالقضاء۔ کہ بڑی گہرائی میں جا کر سفارش اور فیصلے کرنے چاہئیں تا کہ وہ حقیقی نظام اور حالات ہم جماعت میں پیدا کرسکیں جو خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والے ہوں اور اس کے لئے خدا تعالیٰ سے دعا اور مدد مانگنے کی بھی ضرورت ہے۔ فرمایا ہر وقت یہ خیال رہے کہ ہر فعل اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہو، جب یہ ہوگا تبھی اصلاح ہوگی۔ پس ان چیزوں کو ہمیں سامنے رکھنا چاہئے کیونکہ ہم نے اصلاح کرنی ہے اور برائیوں سے روکنا ہے۔ معاشرے میں امن اور سلامتی کی فضا پیدا کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآنی احکامات کو سمجھنے اور ان پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

حضور انور نے سزا، اصلاح اور معاف کرنے کے بارے میں حضرت مسیح موعود کے مزید اقتباسات پیش فرمائے۔ حضور انور نے آخر پر مکرم بلال محمود صاحب ابن مکرم ممتاز احمد سندھی صاحب مرحوم دارالیمن غربی شکر ربوہ کی راہ مولیٰ میں قربانی پر مرحوم کا ذکر خیر کیا اور نماز جنازہ غائب پڑھانے کا اعلان فرمایا۔

نتیجہ مقابلہ مقالہ نویسی

مجلس انصاراللہ پاکستان کے زیر اہتمام ہونے والے سالانہ مقابلہ مقالہ نویسی 2015ء بعنوان مجلس انصاراللہ کے 75 سال میں درج ذیل افراد نے پوزیشنز حاصل کیں۔

اول: مکرم مجید احمد بشیر صاحب ناصر ڈیفنس لاہور
دوم: مکرم صفدر نذیر گولیکی صاحب دارالعلوم شرقی ربوہ
سوم: مکرم امتیاز حسین شاہد صاحب ماڈل کالونی کراچی

اگلی نو پوزیشنز

1۔ مکرم نصیر احمد بدر صاحب دارالعلوم شرقی ربوہ
2۔ مکرم لطف المنان خان صاحب جوہر ٹاؤن لاہور
3۔ مکرم ناصر احمد محمود صاحب پتوکی قصور
4۔ مکرم عزیز احمد صاحب ماڈل کالونی کراچی
5۔ مکرم محمد افضل قمر صاحب گلشن پارک لاہور
6۔ مکرم اقبال حیدر یوسفی صاحب گلشن جامی کراچی
7۔ مکرم اختر حسین صاحب دارالبرکات ربوہ
8۔ مکرم محمد ایوب قمر صاحب دارالیمن شرقی صادق ربوہ
9۔ مکرم راجہ سعید احمد صاحب ماڈل کالونی کراچی
مکرم میاں مجیب الرحمٰن حمید صاحب فیصل ٹاؤن لاہور
مکرم شیخ سعید احمد صاحب گلشن حدید کراچی

(قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

اعزاز

مکرمہ امۃ الحمید صاحبہ کپورتھلوی اہلیہ مکرم میاں مجید الرحمٰن حمید صاحب فیصل ٹاؤن لاہور تحریر کرتی ہیں۔

خاکسار کی بیٹی مکرمہ نعمانہ عائشہ مجید صاحبہ نے پنجاب یونیورسٹی لاہور سے Statistics، 4 سالہ آنرز (B.S Hons) میں 3.93/4CGPA نمبر لے کر اللہ تعالیٰ کے فضل سے دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ نعمانہ عائشہ صاحبہ حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب کپورتھلوی اور حضرت بابو میاں عبدالرحمٰن صاحب انبالوی رفقاء مسیح موعود کی نسل سے ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

خطبہ نکاح مورخہ 2 جون 2013ء بمقام: بیت الفضل لندن

بیان فرمودہ: سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ

تشہد وتعوذ اور مسنون آیات قرآنیہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

اس وقت میں ایک نکاح کا اعلان کروں گا۔ عزیزہ امۃ الشافی سید جو واقفہ نو ہے اور یہ مکرم سید احمد یحیٰ صاحب کی بیٹی ہیں۔ ان کا نکاح عزیزم طارق احمد حیات ابن رفیق حیات صاحب کے ساتھ 20 ہزار پاؤنڈ حق مہر پر طے پایا ہے۔ عزیزہ امۃ الشافی جیسا کہ میں نے کہا خود تو واقفہ نو ہے اور مکرم سید عبدالحئی شاہ صاحب کی پوتی ہے، جو واقف زندگی تھے اور ایک بڑا لمبا عرصہ ان کو خدمت کی توفیق ملی۔ بڑی وفا کے ساتھ انہوں نے جماعت کی خدمت کی اور وقف میں رہتے ہوئے انہوں نے اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم بھی دلوائی اور بڑے بے نفس انسان تھے۔ عزیزہ شافی کا یہ نکاح میرا خیال ہے کہ ان کی نسل میں سے پہلا ہے۔ عزیزہ کی دادی دادا دونوں وفات پا چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ عزیزہ کو ہر لحاظ سے خوش بھی رکھے اور وہ دعائیں جو سید عبدالحئی شاہ صاحب اور ان کی اہلیہ کرتے رہے، اللہ تعالیٰ ان دعاؤں کا بھی ان لوگوں کو وارث بنائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: شاہ صاحب کو میں ذاتی طور پر جانتا ہوں، علاوہ جماعتی خدمات کے اور بڑی وفا کے ساتھ اور بے نفس ہو کر خدمات کے، ان کی گھریلو زندگی بھی بڑی خوش گوار گزری ہے اور باوجود واقف زندگی ہونے کے دونوں میاں بیوی نے بڑی قناعت سے اور اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہتے ہوئے اپنی زندگیاں گزاری ہیں۔ اسی طرح اس لڑکی کے اور لڑکے کے والدین جو ہیں جہاں تک میرے علم میں ہے ان دونوں کی زندگیاں بھی آپس میں، لڑکی کے ساس سسر کی بھی اور لڑکے کے ساس سسر کی بھی اور ماں باپ کی بھی آپس میں پیار محبت سے گزری ہیں اور یہی چیز ہے جو آگے پھر ایک تو گھروں کے سکون کو قائم رکھتی ہے اور اگلی نسلوں کو بھی نیکیوں پر چلنے کی توفیق دیتی ہے کیونکہ وہ بھی اپنے ماں باپ کے نمونے دیکھ رہے ہوتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا: پس آج قائم ہونے والے یہ رشتے بھی اس بات کا خیال رکھیں کہ ایک دوسرے پر اعتماد ہو۔ ایک دوسرے سے وفا ہو اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اللہ تعالیٰ کی رضا ہو۔ تقویٰ پر چلنے والے ہوں۔ اگر ان چیزوں کو مدنظر رکھیں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ یہ رشتے ہمیشہ قائم رہنے والے اور نیک اولاد پیدا کرنے والے اور گھروں کے سکون کو قائم کرنے والے ہوں گے۔ اللہ کرے کہ آج یہ رشتہ جو قائم ہو رہا ہے ان باتوں کا خیال رکھنے والا ہو۔ اب میں نکاح کا اعلان کرتا ہوں۔

اعلان نکاح اور فریقین کے درمیان ایجاب و قبول کروانے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس رشتہ کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کروائی اور فریقین کو شرف مصافحہ بخشتے ہوئے مبارک باد دی۔

(مرتبہ: مکرم ظہیر احمد خان صاحب مربی سلسلہ)

محترم مولانا ظفر محمد ظفر صاحب کے منتخب اشعار

احمد کے عاشقوں میں ظفر کا بھی نام ہے
اڑتی خبر سنی ہے زبانی طیور کی

....

دوائے دردِ جگر لا الٰہ الا اللّٰہ
شفائے قلب و نظر لا الٰہ الا اللّٰہ
کمال ترک سے ملتی ہے یاں مراد ظفر
تو مَا ومَن سے گزر لا الٰہ الا اللّٰہ

....

گاہ ڈھونڈا آسماں پر گاہ غاروں میں تجھے
تھی تری آمد سے پہلے خلق شیدائی تری
کل جو شیدائی تھے اب وہ مبتلائے وہم ہیں
زعم سے ان کے کہیں برتر ہے رعنائی تری

....

اے چشمۂ مسرت ارواحِ قُدسیاں
تیرے بغیر روحِ جماعت اداس ہے

....

نہ وہ باغ ہے نہ بہار ہے، نہ وہ پھول ہیں نہ ہزار ہے
نہ رہی وہ صحبت یار ہے، جو رہا ہے کچھ تو وہ خار ہے
نہ وہ شمع بزم کی لو رہی، نہ مگس کی وہ تگ ودو رہی
نہ وہ سوز ہے نہ وہ ضو رہی، نہ وہ نور ہے نہ وہ نار ہے
کبھی جائے تو جو سوئے حرم، تو ہزار دل میں لئے صنم
ہے زباں سے کہنا کرم کرم، ترا دل بتوں کا شکار ہے

علم و دانش سے جمال زندگی مستور ہے
عشق پیدا کر کہ اٹھ جائے حجاب زندگی
فلسفہ حائل ہے اس کی رفعتِ پرواز میں
عشق کے پَر ہوں تو اڑتا ہے عقاب زندگی

....

ڈوب جاتا میں ترے بحرِ محبت میں اگر
پھر تلاطم نہ سفینہ نہ کنارا ہوتا
جا گراتا ترے نور کے قلزم میں مجھے
دل کے دریا میں مرے کاش وہ دھارا ہوتا

....

جادۂ عشق پہ چلنا جو ہے دشوار تو کیا
کار مشکل کا بھی مشکل نہیں آساں ہونا
کیوں مرے خانہ دل کی بنا ڈالی تھی
گر نہ منظور تھا یاں آپ کو مہماں ہونا

....

بھلا اس بوستاں پر کیا خزاں آئے گی اے ناداں
کہ جس کے پھول جھڑتے ہی گلستاں ہوتے جاتے ہیں

....

تیری آیہ آیہ کے ربط میں ترے امرونہی کے ضبط میں
مری زندگی کا ہے ضابطہ میری بندگی کا نصاب ہے

....

مغرب کے بت کدوں میں قیامت ہوئی بپا
تثلیث ہوتی جاتی ہے توحید کا شکار

....

اگر نہیں آتشِ محبت تو خاک ہے زندگی کی لذت
عجیب نعمت ہے اس جہاں میں ظفرکسی کا اسیر ہونا

(انتخاب: نعمان ظفر بلوچ)

منتخب اقتباسات از خطبہ جمعہ

حقیقی مومن اور عبد رحمان کی پہچان

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبہ جمعہ 11 دسمبر 2015ء کا آخری حصہ:

ایک حقیقی (مومن) اور عبدرحمان کی تو پہچان ہی اللہ تعالیٰ نے یہ بتائی ہے کہ (-) (الفرقان:64) اور جب جاہل لوگ ان سے لڑتے ہیں تو وہ بجائے لڑنے کے کہتے ہیں ہم تمہارے لئے سلامتی کی دعا کرتے ہیں۔

پس یہ قرآنی تعلیم ہے اور یہی تعلیم ہے جو ہر سطح پر امن اور سلامتی قائم کرنے اور اس کے لئے کوشش کرنے کا حکم دیتی ہے۔ ہم میں سے ہر ایک کو اور خاص طور پر نوجوانوں کو کسی بھی قسم کے احساس کمتری کا شکار ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ (دین) ہے اور صرف (دین) ہے جو دنیا میں امن وسلامتی کی ضمانت بن سکتا ہے۔ اور یہ قرآن کریم ہے اور صرف قرآن کریم ہے جو امن اور سلامتی پھیلانے کی اور شدت پسندی کے خاتمے کی تعلیم دیتا ہے۔ پس اس تعلیم کا ادراک حاصل کرنے کی ہر ایک کو ضرورت ہے۔ اس تعلیم کو اپنے اوپر لاگو کرنے کی ضرورت ہے۔ اس تعلیم پر عمل کریں اور جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے اپنے عملی نمونوں سے دنیا کو بتائیں کہ آج قرآن کریم کی حفاظت کے کام کے لئے اللہ تعالیٰ نے ہمیں توفیق بخشی ہے اور یہ اس کا فضل ہے۔ قرآن کریم کی صحیح تفسیر اور تشریح ہی اس کی معنوی حفاظت بھی ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے اس زمانے میں حضرت مسیح موعود کو بھیجا ہے اور ہمیں آپ کو ماننے کی توفیق دے کر اس کام کے لئے ہمیں بھی چن لیا، ہمیں بھی توفیق دی۔ پس یہ خوبصورت تعلیم دنیا میں پھیلانے کا کام سرانجام دینا ہر احمدی کی ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کی ادائیگی کے لئے ہر احمدی لڑکے لڑکی، مرد عورت کو کوشش کرنی چاہئے۔ دنیا اس وقت آگ کے گڑھے کے جس دہانے پر کھڑی ہے کسی وقت بھی ایسے حالات ہو سکتے ہیں کہ وہ اس میں گر جائے۔ ایسے وقت میں دنیا کو اس آگ میں گرنے سے بچانے کی کوشش کرنا اور امن اور سلامتی دینے کا کام کرنا ایک احمدی کی ذمہ داری ہے اور احمدی ہی کر سکتے ہیں۔

پس اس کے لئے کوشش کی ضرورت ہے اور سب سے بڑی چیز اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے خاص تعلق پیدا کرنا ہے، اس کے آگے جھکنا ہے، اس کا تقویٰ اختیار کرنا ہے۔ اس کا تقویٰ اپنے دلوں میں پیدا کرنا ہے۔ تبھی ہم اپنے آپ کو اور اپنی نسلوں کو بھی اور دنیا کو بھی امن اور سلامتی دے سکتے ہیں۔ ایسے ہی موقع کے لئے اور ان حالات کے لئے حضرت مسیح موعود نے فرمایا تھا کہ:

آگ ہے پر آگ سے وہ سب بچائے جائیں گے
جو کہ رکھتے ہیں خدائے ذوالعجائب سے پیار

پس اس ذوالعجائب اور سب طاقتوں کے مالک خدا سے تعلق مضبوط تر کرنے کی ضرورت ہے اور اللہ تعالیٰ سے پیار میں بڑھنے کی ہمیں کوشش کرنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے اور دنیاداروں کو بھی عقل دے کہ وہ خدا تعالیٰ کی آواز کو سنیں اور اپنی اصلاح کی کوشش کریں اور تباہی کے گڑھے میں گرنے سے بچیں۔

3 بزرگوں کا ذکر خیر

نمازوں کے بعد میں ایک جنازہ حاضر اور دو غائب پڑھاؤں گا۔ جنازہ حاضر مکرم عنایت اللہ احمدی صاحب کا ہے۔ 9 دسمبر کو ان کی وفات ہوئی تھی (-)۔ آپ بڑا لمباعرصہ (مربی) سلسلہ رہے۔ ان کے والد کا نام اللہ بخش صاحب تھا جو قادیان کے اللہ بخش سٹیم پریس کے مالک تھے۔ عنایت اللہ احمدی صاحب کی پیدائش جنوری 1920ء کی ہے۔ پانچ سال کی عمر میں آپ قادیان آ گئے۔ تعلیم الاسلام سکول قادیان میں داخل ہوئے۔ 1936ء میں تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان سے ہی میٹرک پاس کیا۔ پھر 1939ء میں مشرقی افریقہ میں ملٹری میں کلرک بھرتی ہوئے اور جولائی 1946ء کو فارغ ہوئے۔ 30 مئی 1944ء کو چوبیس سال کی عمر میں آپ نے وقف کیا اور جولائی 1946ء سے مشرقی افریقہ میں بطور (مربی) کام شروع کیا اور دسمبر 1979ء تک بعمر ساٹھ سال ریٹائر ہوئے۔ 1946ء سے دسمبر 73ء تک 23 سال تین مہینے آپ نے بیرون پاکستان بطور (مربی) خدمت کی توفیق پائی۔ چار سال چار ماہ کینیا میں، اٹھارہ سال گیارہ مہینے تنزانیہ میں بطور (مربی) کام کیا۔ اس کے بعد ریٹائرمنٹ تک پاکستان میں سیالکوٹ اور جھنگ کے اضلاع میں بطور مربی اور مربی ضلع کام کی توفیق ملی۔ ان کی اولاد میں چار بیٹیاں اور تین بیٹے ہیں۔ ایک بیٹے حبیب اللہ احمدی صاحب ہیں جن کو بطور وقف خدمت کی توفیق ملی۔ جب تنزانیہ میں (دعوت الی اللہ کے) کاموں میں وسعت پیدا ہوئی تو 1947ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے مکرم مولانا شیخ مبارک احمد صاحب مرحوم کی مدد کے لئے جو (مربیان) بھیجے تھے ان میں چوہدری عنایت اللہ صاحب بھی شامل تھے۔ وہاں مختلف جگہوں پر انہوں نے خدمات سرانجام دیں۔ اسی طرح جب شیخ مبارک احمد صاحب قرآن کریم کا سواحیلی ترجمہ کر رہے تھے تو اس وقت حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ان کو جو مددگار مہیا کئے ان میں بھی چوہدری عنایت اللہ صاحب اور مولانا جلال الدین صاحب قمر کو شامل کیا۔ اس طرح آپ کو قرآن کریم کے سواحیلی ترجمہ میں کام کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔ دارالسلام میں تین سال آپ کو مشنری انچارج کے طور پر خدمت کی توفیق بھی ملی۔

ایک دفعہ آپ اپنی ایک جماعت پنگالے (Pangalay) کی (بیت) میں نماز پڑھانے کے لئے سائیکل پر جا رہے تھے تو احمدی احباب نے بتایا کہ غیر احمدی امام اور دیگر لوگوں کا منصوبہ ہے اور امام نے ان کو اپنے ساتھ ملا لیا ہے کہ (بیت) کو جلانا ہے اور وہاں بلوہ کرنا ہے اس لئے آپ پنگالے نہ جائیں۔ اس پر آپ نے بڑا دلیرانہ جواب دیا کہ میں ضرور جاؤں گا اور بہرحال سفر جاری رکھا۔ جیسا کہ میں نے کہا سائیکل پر جا رہے تھے۔ راستے میں ایک جگہ پنگالے کا چیف ملا اور اس نے آپ کو سائیکل پر دیکھا تو اپنی کار روکی اور کار میں بیٹھنے کی دعوت دی تو آپ نے کہا کہ نہیں میں سائیکل پر جا رہا ہوں، ٹھیک ہوں۔ بہرحال چیف کے اصرار پر آپ اس کی کار میں بیٹھ گئے اور چیف گاؤں میں لے کر آیا اور راستے میں آپ نے چیف کو بتایا کہ جو گاؤں کی صورتحال کی خبر ان کو پہنچی ہے۔ اس پر چیف نے تمام لوگوں کو بلایا اور کہا کہ یہ ہمارے مہمان ہیں اور مہمانوں سے بہرحال برا سلوک نہیں ہوگا اور میں ایسا نہیں کرنے دوں گا اور جو بھی ان کی مدد ہووے گی میں کروں گا اور امام کو بھی کافی سرزنش کی۔ بلکہ یہ بھی کہا کہ میں ان کے پیچھے نماز پڑھوں گا۔ چنانچہ جب نماز کا وقت آیا تو چیف نے ان کے پیچھے کھڑے ہو کر نماز پڑھی۔ علاقے کے لوگوں پہ بھی ان کا بہت اثر تھا اور بڑے تعلقات وسیع تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور ان کی نسل کو بھی جماعت اور خلافت سے وفا کا تعلق قائم رکھنے کی توفیق دے۔

دوسرا جنازہ غائب ہے جو مولوی بشیر احمد صاحب کالا افغاناں مرحوم درویش قادیان کا ہے۔ 87 سال کی عمر میں 7 دسمبر کو ان کی وفات ہوئی (-)۔ مولوی بشیر احمد صاحب کالا افغاناں مرحوم اخبار بدر کے درویش نمبر میں شائع شدہ اپنی خودنوشت میں لکھتے ہیں کہ خاکسار کے گاؤں کے ایک دوست مکرم محمد احمد صاحب کالا افغاناں قادیان آ گئے تھے۔ میں ڈیرہ بابا نانک میں امتحان دے کر ملازمت کی تلاش میں تھا کہ مکرم محمد احمد صاحب نے پیغام بھجوایا کہ میں چونگی کی ملازمت چھوڑ کر دفتر الفضل میں کام کرنا چاہتا ہوں۔ تم میری جگہ چونگی میں لگ جاؤ۔ یہ اس وقت احمدی نہیں تھے۔

1946ء کی بات ہے۔ کہتے ہیں کہ خاکسار اپنے گاؤں سے قادیان آ گیا اور چونگی میں ملازمت شروع کردی۔ جس وقت میں قادیان ملازمت کے لئے آیا اس وقت مجھے احمدیت کے تعلق سے زیادہ معلومات نہیں تھیں۔ کہتے ہیں میں نے ایک غیر مسلم دوست کو کہا کہ مجھے نماز کے لئے کوئی ایسی مسجد بتاؤ جو قادیانیوں کی نہ ہو۔ میں ان کی (بیت) میں نہیں جا سکتا۔ اس غیر مسلم نے مجھے (بیت) اقصیٰ کا راستہ بتا دیا۔ کہتے ہیں مَیں وہاں گیا۔ دیکھا کہ بہت بڑی (بیت) ہے کوئی نماز پڑھ رہا ہے کوئی تلاوت کررہا ہے، خوبصورت منارہ ہے۔ میں دل ہی دل میں خوش ہوا کہ ہماری (بیت) تو بہت اچھی ہے، اب میں قادیانیوں کی (بیت) میں نہیں جاؤں گا۔ تو ایک روز پتا چلا کہ یہ احمدیوں کی (بیت) ہے۔ کہتے ہیں ایک دن احراریوں کی مسجد میں بھی گیا لیکن وہاں کی حالت دیکھ کر عہد کرلیا کہ اب ہمیشہ میں (بیت) اقصیٰ میں ہی نماز ادا کروں گا۔ پھر آہستہ آہستہ ان کا ایک احمدی دوست سے تعارف ہوا۔ انہوں نے ان کو جماعتی معلومات دیں اور کتاب ''(-) ہدایت'' اور دیگر رسائل دیئے جس کے نتیجہ میں کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے خاکسار کو احمدیت قبول کرنے کی توفیق دی۔ 1947ء میں ملک کی تقسیم ہوئی اور حضرت مصلح موعود کے ارشاد پر خدام دور دور سے حفاظت مرکز کے لئے آنے لگے۔ اس موقع پر کہتے ہیں کہ خاکسار نے بھی اپنا نام حفاظت مرکز کے لئے پیش کردیا جس کی منظوری ہوئی اور اس طرح اللہ تعالیٰ نے درویشی میں شامل ہونے کی توفیق عطا فرمائی۔ کہتے ہیں بیعت کرنے کے بعد میرے عزیز و اقارب اور خاص طور پر والدین نے بہت مخالفت کی اور پھر تقسیم ملک کے موقع پر بھی مجھے کہا کہ ہمارے ساتھ آ جاؤ اور میرے احمدی ہونے پر بڑا افسوس کرتے رہے۔ لیکن میرے انکار پر بڑا رو رو کر میرے والد اور والدہ نے کوشش کی لیکن بہرحال میں نہیں گیا۔ دین کو دنیا پر مقدم رکھا۔ بلکہ کہتے ہیں کہ میری والدہ کی میرے اس غم میں بینائی جاتی رہی۔ 1952ء میں ان کی شادی حیدر آباد کے ظہور الدین صاحب کی بیٹی اختر النساء صاحبہ سے ہوئی۔ ان سے ان کے دو بیٹے محمود احمد صاحب اور شعیب احمد صاحب ہیں۔ شعیب صاحب واقف زندگی ہیں اور اس وقت قادیان میں ناظر مال خرچ ہیں۔ اسی طرح ان کے ایک داماد قاری نواب صاحب واقف زندگی ہیں۔ انہوں نے دیہاتی (مربی) کے طور پر مہاراشٹر، کرناٹک میں خدمت کی توفیق پائی۔ (دعوت الی اللہ) کا ان کو بہت شوق تھا۔ کسی بورڈ یا تختی پر لکھتے تھے کہ امام مہدی آ گئے ہیں تا کہ سب لوگ پڑھ لیں اور پھر (دعوت الی اللہ) شروع کردیتے تھے اور اسی طرح مختلف دفاتر میں بھی ان کو کام کی توفیق ملی۔ مینیجر اخبار البدر بھی رہے اور اسی طرح لنگر خانے میں اور دوسری جگہوں پر بھی کام کیا۔ ان کے بھی محکموں کے ساتھ افسران کے ساتھ بڑے وسیع تعلقات تھے اور ان کا بڑا عزت و احترام کرتے تھے۔ باوجود پیرانہ سالی کے ہمیشہ (بیت) میں آ کر نماز باجماعت ادا کیا کرتے تھے حتی کہ وفات والے دن بھی نماز ظہر اور عصر (بیت) میں ادا کی اور (بیت) مبارک کا جو پرانا حصہ تھا اس میں کھڑے ہو کے خاص طور پر نمازیں پڑھتے تھے۔ صاحب رؤیا و کشوف تھے۔ دعا گو شخص تھے، بہت ملنسار تھے اور اکثر جو نئے واقفین زندگی نوجوان ہیں وہ ان کی صحبت میں بیٹھ کر کافی فیض پایا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور ان کی اولاد کو بھی ان کی دعاؤں اور نیکیوں کا وارث بنائے۔

تیسرا جنازہ مکرمہ سیدہ قانتہ بیگم صاحبہ کا ہے۔ اڑیسہ کی ہیں۔ ہمارے واقف زندگی ڈاکٹر طارق احمد صاحب جو اس وقت نور ہسپتال قادیان کے انچارج ہیں ان کی والدہ تھیں۔ 16/اکتوبر کو ان کی وفات ہوئی تھی (-)۔ بڑی قناعت پسند، سادہ مزاج، صابرہ اور شاکرہ، غریب پرور، خوددار، نیک اور مخلص خاتون تھیں۔ اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم اور اچھی تربیت کا انہوں نے بہت خیال رکھا۔ ان کے خاوند سرکاری ملازم تھے اور ان کی محدود تنخواہ تھی لیکن اس کے باوجود وہ اپنے غریب اور ضرورتمند عزیزوں کی بہت خدمت کرتے تھے اور اس سلسلے میں مرحومہ قانتہ صاحبہ کا بھی ان سے بہت تعاون تھا۔ کبھی انہوں نے اعتراض نہیں کیا بلکہ ہمیشہ حوصلہ افزائی کی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور ان کی نیکیاں ان کی نسلوں میں بھی جاری رہیں۔

غزل

گو سارا جہاں در پئے آزار ہوا ہے
صد شکر ولے تو میرا غم خوار ہوا ہے

بے غرض تعلق کوئی رکھے نہ کسی سے
یہ دنیا ہے یا کوئی بازار ہوا ہے

بدلے ہوئے تیور ہیں زمانے کے وہ توبہ
ہر شخص یہاں دشنہ و تلوار ہوا ہے

تیرے ہی تو در کے ہیں گدا شاہ و گدا سب
اے شاہوں کے شاہ تو ہی تو سرکار ہوا ہے

تو بحرِ افاضات نہیں جس کا کنارا
ہر حمد کا جب ہی تو سزاوار ہوا ہے

سہتے ہیں ستم دیتے ہیں دشمن کو دعائیں
کیا ہم سا جہاں میں کوئی جی دار ہوا ہے

جیتا ہے وہی جینے کا بس ڈھنگ اسی کو
دنیا میں کہ جو صاحب کردار ہوا ہے

پہچان نہیں تجھ کو رہی نیکی بدی کی
کچھ سوچ کہ تو کتنا ستم گار ہوا ہے

کیوں آج سنی جاتی نہیں تیری دعائیں
کیوں آہ و فغاں نالہ تیرا بیکار ہوا ہے

اے۔ آر۔ بدر

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال وجواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

خطبہ جمعہ 18 دسمبر 2015

س: حضور انور نے خطبہ جمعہ کا کیا عنوان بیان فرمایا ہے؟

ج: فرمایا! اس وقت میں حضرت مسیح موعود کے بعض حوالے پیش کروں گا کہ آپ نے آنحضرت ﷺ کے مقام کو کیا سمجھا اور آپ نے آنحضرت ﷺ کے مقام و مرتبہ کے متعلق بیان فرمایا۔

س: حضرت مسیح موعود نے آنحضرت ﷺ کے مقام کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اب آسمان کے نیچے فقط ایک ہی نبی اور ایک ہی کتاب ہے یعنی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ جو اعلیٰ و افضل سب نبیوں سے اور اتم و اکمل سب رسولوں سے اور خاتم الانبیاء اور خیر الناس ہیں جن کی پیروی سے خدائے تعالیٰ ملتا ہے اور ظلماتی پردے اٹھتے ہیں اور اسی جہان میں سچی نجات کے آثار نمایاں ہوتے ہیں اور قرآن شریف جو سچی اور کامل ہدایتوں اور تاثیروں پر مشتمل ہے جس کے ذریعہ سے حقانی علوم اور معارف حاصل ہوتے ہیں اور بشری آلودگیوں سے دل پاک ہوتا ہے اور انسان جہل اور غفلت اور شبہات کے حجابوں سے نجات پا کر حق الیقین کے مقام تک پہنچ جاتا ہے۔

س: حضرت مسیح موعود نے اپنی نسبت کیا بیان فرمایا؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ یہ عاجز بھی اس جلیل الشان نبی کے احقر خادمین میں سے ہے کہ جو سید الرسل اور سب رسولوں کا سرتاج ہے۔

س: حضرت مسیح موعود نے آنحضرت ﷺ کی کن صفات کا ذکر فرمایا ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ غرض وحی الٰہی ایک ایسا آئینہ ہے جس میں خدائے تعالیٰ کی صفات کمالیہ کا چہرہ حسب صفائی باطن نبی منزل الیہ کے نظر آتا ہے۔ چونکہ آنحضرت ﷺ اپنی پاک باطنی و انشراح صدری و عصمت و حیا و صدق و صفا و توکل و وفا اور عشق الٰہی کے تمام لوازم میں سب انبیا سے بڑھ کر اور سب سے افضل و اعلیٰ و اکمل و ارفع و اجلی و اصفا تھے اس لئے خدائے جل شانہ نے ان کو عطر کمالات خاصہ سے سب سے زیادہ معطر کیا اور وہ سینہ اور دل جو تمام اولین و آخرین کے سینہ و دل سے فراخ تر و پاک تر و معصوم تر و روشن تر تھا وہ اسی لائق ٹھہرا کہ اس پر ایسی وحی نازل ہو کہ جو تمام اولین و آخرین کی وحیوں سے اقویٰ اور اکمل اور ارفع اور اتم ہو کر صفات الٰہیہ کے دکھلانے کے لئے ایک نہایت صاف اور کشادہ اور وسیع آئینہ ہو۔

س: آنحضرت ﷺ کے اعلیٰ مرتبہ کے بارہ میں کیا بیان ہوا ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ وہ اعلیٰ درجہ کا نور جو انسان کو دیا گیا یعنی انسان کامل کو وہ ملائک میں نہیں تھا نجوم میں نہیں تھا قمر میں نہیں تھا آفتاب میں بھی نہیں تھا وہ زمین کے سمندروں اور دریاؤں میں بھی نہیں تھا۔ وہ لعل اور یاقوت اور زمرد اور الماس اور موتی میں بھی نہیں تھا غرض وہ کسی چیز ارضی اور سماوی میں نہیں تھا صرف انسان میں تھا یعنی انسان کامل میں جس کا اتم اور اکمل اور اعلیٰ اور ارفع فرد ہمارے سید و مولیٰ سید الانبیاء سید الاحیا محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں۔

س: آنحضرت ﷺ کے مقام رسالت کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کا اقتباس درج کریں۔

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ہم جب انصاف کی نظر سے دیکھتے ہیں تو تمام سلسلہ نبوت میں سے اعلیٰ درجہ کا جوانمرد نبی اور زندہ نبی اور خدا کا اعلیٰ درجہ کا پیارا نبی صرف ایک مرد کو جانتے ہیں یعنی وہی نبیوں کا سردار رسولوں کا فخر تمام مرسلوں کا سرتاج جس کا نام محمد مصطفیٰ و احمد مجتبیٰ ﷺ ہے جس کے زیر سایہ دس دن چلنے سے وہ روشنی ملتی ہے جو پہلے اس سے ہزار برس تک نہیں مل سکتی تھی۔

س: آنحضرت ﷺ کے نشان اور معجزات کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ہمارے نبی ﷺ کے نشان اور معجزات دو قسم کے ہیں۔ ایک وہ جو آنجناب کے ہاتھ سے یا آپ کے قول یا آپ کے فعل یا آپ کی دعا سے ظہور میں آئے اور دوسرے وہ معجزات ہیں جو آنجناب کی امت کے ذریعہ سے ہمیشہ ظاہر ہوتے رہتے ہیں اور ایسے نشانوں کی لاکھوں تک نوبت پہنچ گئی ہے اور ایسی کوئی صدی بھی نہیں گزری جس میں ایسے نشان ظہور میں نہ آئے ہوں۔

س: حضرت مسیح موعود نے اللہ تعالیٰ کا سب سے پیارا نبی اور سب سے سچا مذہب کس کو قرار دیا ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ہم یقیناً جانتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کا سب سے بڑا نبی اور سب سے زیادہ پیارا جناب محمد مصطفیٰ ﷺ ہے کیونکہ دوسرے نبیوں کی امتیں ایک تاریکی میں پڑی ہوئی ہیں اور صرف گزشتہ قصے اور کہانیاں ان کے پاس ہیں مگر یہ امت ہمیشہ خدا تعالیٰ سے تازہ بتازہ نشان پاتی ہے۔ لہٰذا اس امت میں اکثر عارف ایسے پائے جاتے ہیں کہ جو خدا تعالیٰ پر اس درجہ کا یقین رکھتے ہیں کہ گویا اس کو دیکھتے ہیں۔......

س: مذہب کسے کہتے ہیں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ مذہب اسے کہتے ہیں اور سچا نبی اس کا نام ہے جس کی سچائی کی ہمیشہ تازہ بہار نظر آئے۔...... سچا کراماتی وہی ہے جس کی کرامات کا دریا کبھی خشک نہ ہو سو وہ شخص ہمارے سید و مولیٰ نبی ﷺ ہیں۔ خدا تعالیٰ نے ہر ایک زمانہ میں اس کامل اور مقدس کے نشان دکھلانے کے لئے کسی نہ کسی کو بھیجا ہے

س: حضور انور نے خدا اور رسول اللہ ﷺ کی شان میں کون سا اقتباس بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اس قادر اور سچے اور کامل خدا کو ہماری روح اور ہمارا ذرہ ذرہ وجود کا سجدہ کرتا ہے جس کے ہاتھ سے ہر ایک روح اور ہر ایک ذرہ مخلوقات کا مع اپنی تمام قویٰ کے ظہور پذیر ہوا اور جس کے وجود سے ہر ایک وجود قائم ہے اور کوئی چیز نہ اس کے علم سے باہر ہے اور نہ اس کے تصرف سے نہ اس کی خلق سے اور ہزاروں درود اور سلام اور رحمتیں اور برکتیں اس پاک نبی محمد مصطفیٰ ﷺ پر نازل ہوں جس کے ذریعہ سے ہم نے وہ زندہ خدا پایا۔ جو آپ کلام کر کے اپنی ہستی کا آپ ہمیں نشان دیتا ہے اور آپ فوق العادت نشان دکھلا کر اپنی قدیم اور کامل طاقتوں اور قوتوں کا ہم کو چمکنے والا چہرہ دکھاتا ہے سو ہم نے ایسے رسول کو پایا جس نے خدا کو ہمیں دکھلایا اور ایسے خدا کو پایا جس نے اپنی کامل طاقت سے ہر ایک چیز کو بنایا اس کی قدرت کیا ہی عظمت اپنے اندر رکھتی ہے جس کے بغیر کسی چیز نے نقش وجود نہیں پکڑا اور جس کے سہارے کے بغیر کوئی چیز قائم نہیں رہ سکتی۔ وہ ہمارا سچا خدا بیشمار برکتوں والا ہے اور بیشمار قدرتوں والا اور بیشمار حسن والا اور بے شمار احسان والا اس کے سوا کوئی اور خدا نہیں۔

س: آنحضرت ﷺ کے مقام و مرتبہ کے بارہ میں حضرت مسیح موعود نے کیا بیان فرمایا ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ پس میں ہمیشہ تعجب کی نگہ سے دیکھتا ہوں کہ یہ عربی نبی جس کا نام محمد ہے ہزار ہزار درود اور سلام اس پر یہ کس عالی مرتبہ کا نبی ہے۔ اس کے عالی مقام کا انتہا معلوم نہیں ہو سکتا اور اس کی تاثیر قدسی کا اندازہ کرنا انسان کا کام نہیں۔ افسوس کہ جیسا حق شناخت کا ہے اس کے مرتبہ کو شناخت نہیں کیا گیا۔ وہ توحید جو دنیا سے گم ہو چکی تھی وہی ایک پہلوان ہے جو دوبارہ اس کو دنیا میں لایا۔ اس نے خدا سے انتہائی درجہ پر محبت کی اور انتہائی درجہ پر بنی نوع کی ہمدردی میں اس کی جان گداز ہوئی اس لئے خدا نے جو اس کے دل کے راز کا واقف تھا اس کو تمام انبیا اور تمام اولین و آخرین پر فضیلت بخشی اور اس کی مرادیں اس کی زندگی میں اس کو دیں۔ وہی ہے جو سرچشمہ ہر ایک فیض کا ہے اور وہ شخص جو بغیر اقرار افاضہ اس کے کسی فضیلت کا دعویٰ کرتا ہے۔ وہ انسان نہیں ہے بلکہ ذریتِ شیطان ہے۔

س: اللہ تعالیٰ کا کسی کے ساتھ پیار کرنا کس بات سے مشروط کیا ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اب اس تمام بیان سے ہماری غرض یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا کسی کے ساتھ پیار کرنا اس بات سے مشروط کیا ہے کہ ایسا شخص آنحضرت ﷺ کی پیروی کرے۔ چنانچہ میرا یہ ذاتی تجربہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی سچے دل سے پیروی کرنا اور آپ سے محبت رکھنا انجام کار انسان کو خدا کا پیارا بنا دیتا ہے۔ اس طرح پر کہ خود اس کے دل میں محبت الٰہی کی ایک سوزش پیدا کر دیتا ہے۔ تب ایسا شخص ہر ایک چیز سے دل برداشتہ ہو کر خدا کی طرف جھک جاتا ہے اور اس کا انس و شوق صرف خدا تعالیٰ سے باقی رہ جاتا ہے......۔ تب جذبات نفسانیہ پر وہ غالب آ جاتا ہے اور اس کی تائید اور نصرت میں ہر ایک پہلو سے خدا تعالیٰ کے خارق عادت افعال نشانوں کے رنگ میں ظاہر ہوتے ہیں۔ لیکن یہ ملتا انہی کو ہے جو آنحضرت ﷺ سے محبت کرے۔

س: آنحضرت ﷺ کی کامل پیروی سے اللہ تعالیٰ کن نعماء سے نوازتا ہے؟

